# غزالی نیوز

مارچ 2003 شمارہ نمبر 10 قیمت 5 روپے

## القرآن

پس حقیقت یہ ہے کہ تم نے انہیں قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے ان کو قتل کیا، اور اے نبیؐ تو نے نہیں پھینکا بلکہ اللہ نے پھینکا تو یہ اس لیے تھا کہ اللہ مومنوں کو ایک بہترین آزمائش سے کامیابی کے ساتھ گزار دے۔ یقیناً اللہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔

## الحدیث


حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ رات کو اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ جس شخص نے دن میں کوئی گناہ کیا ہے وہ رات میں اللہ کی طرف پلٹ آئے اور وہ دن میں اپنا ہاتھ پھیلاتا ہے تاکہ اگر کسی نے رات کو کوئی گناہ کیا ہے تو وہ دن میں اپنے رب کی طرف لوٹ آئے۔ اللہ کا یہ معمول اس وقت تک جاری رہے گا جب تک سورج مغرب سے طلوع نہ ہو۔ (رواہ صحیح مسلم)

## جائنٹ سیکرٹری ٹرسٹ کا دورہ یورپ


غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے جائنٹ سیکرٹری حافظ تنویر احمد نے دیہی پاکستان میں فروغ تعلیم کے اس سب سے بڑے نیٹ ورک کے تعارف، بیرون ملک مقیم احباب سے مفید تجربات کے تبادلہ اور یورپ میں مقیم پاکستانیوں کو تزئین گلشن کی اس جدوجہد میں عملاً حصہ دار بنانے کیلئے برطانیہ، کینیڈا، ناروے، جرمنی اور ڈنمارک کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورہ میں انہوں نے موثر افراد سے رابطہ کے علاوہ حساس اور درد دل رکھنے والے پاکستانیوں سے ملاقاتیں کیں۔ اور تعارفی میٹنگز سے خطاب کیا۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے عملی تعاون کا مظہرہ کرتے ہوئے یتیم طلبہ کو اپنی سرپرستی میں لیا اور سکولز کیلئے عطیات کا اعلان کیا۔

## افطار ڈنر

ھیڈ آفس میں ٹرسٹ کے معاونین، ممتاز ماہرین تعلیم



اور بزنس سے متعلق احباب کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ ممتاز کالم نگار عطاء الحق قاسمی مہمان خصوصی تھے۔ مہمان خصوصی اور شرکاء کو ٹرسٹ کی دستاویزی فلم کے ذریعے نیٹ ورک کی تفصیلات سے آگاہ کیا گیا۔ ڈائریکٹر IEP مشتاق احمد مانگٹ نے مہمان خصوصی اور شرکاء کو خوش آمدید کہا۔ مہمان خصوصی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ملک میں شرح خواندگی کے کم ہونے کی وجوہات اور اسکے مہیب اثرات کا جائزہ پیش کیا اور فروغ تعلیم کی ہمہ جہت اور منظّم کوشش پر زور دیا۔ انہوں نے ٹرسٹ کی تعلیمی



جدوجہد پر عمومی اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ترویجِ تعلیم کے ضمن میں کوشش کرنے والے دیگر احباب اور اداروں کو بھی محدود وسائل سے شروع ہونے والے اس تعلیمی پراجیکٹ کے ماڈل کو سامنے رکھتے ہوئے کام کرنا چاہئے۔

## منو بھائی کا دورہ ہیڈ آفس

ممتاز کالم نگار اور دانشور منو بھائی نے ٹرسٹ کے ہیڈ آفس، غزالی سکول سسٹم اور آفاق ٹریننگ اکیڈمی کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے ان کا خیر مقدم کیا اور دستاویزی فلم کے ذریعے نیٹ ورک کا تعارف کرایا۔ معزز مہمان نے ہیڈ آفس



میں مختلف شعبہ جات کا تفصیلی دورہ کیا اور معلومات حاصل کیں۔ بعدازاں منو بھائی غزالی سکول سسٹم کرباٹھ اور غزالی سکول سسٹم ھیئر گئے۔ طلبہ و اساتذہ سے ملاقات کے علاوہ تدریسی امور کا جائزہ لیا۔ غزالیین نے منو بھائی کو ملی نغمے اور تقاریر سنائیں۔ سکولز کے دورہ کے بعد منو بھائی آفاق ٹریننگ اکیڈمی آئے۔ انہیں تربیت اساتذہ اور تدوینِ نصاب کے علاوہ اس ضمن میں ہونے والی اہم پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ اس دورہ میں اسلم جاوید، طاہر یار بلوچ اور اسحاق گل منو بھائی کے ہمراہ تھے۔

## بہبودِ طلبہ مہم

غزالی سکول سسٹم کے اساتذہ اور طلبہ نے مستحق اور نادار طلبہ کی تعلیمی کفالت اور سکولز کو خسارے سے نکالنے کے لئے اپنی مدد آپ کے تحت بہبود طلبہ مہم چلائی۔ اساتذہ کرام اور غزالیین نے نہایت ہی جوش وخروش سے اس مہم میں حصہ لیا والدین، معززین علاقہ اور علم دوست افراد کو اس اہم معاشرتی ضرورت کا احساس دلاتے ہوئے انہیں عملی تعاون پر آمادہ کیا۔ ڈائریکٹر پریپ افتخار احمد شیخ نے غزالی نیوز کو بتایا کہ ٹرسٹ اپنے سکولز میں زیرِ تعلیم مستحق بچوں کی تعلیم پر تقریباً 30 لاکھ روپے سالانہ خرچ کرتا ہے۔ یہ خطیر رقم اندرون و بیرون ملک مقیم درد دل اور تڑپ رکھنے والے احباب فراہم کرتے ہیں۔ اپنی نوعیت کی اس منفرد مہم میں تقریباً 4 لاکھ روپے رقم اکٹھی ہوئی ہے۔ ٹرسٹ کی ضروریات کے لحاظ سے یہ ایک معمولی رقم ہے لیکن کمیونٹی نے جس جوش وخروش سے اس مہم کا خیر مقدم کیا اور اپنے سکول کی بنیادی ضروریات مہیا کرنے اور درپیش مسائل کو حل کرنے کی جو تڑپ پیدا ہوئی وہ نہائت ہی حوصلہ افزاء اور اطمینان بخش ہے۔ ڈائریکٹر پریپ نے مزید بتایا کہ اس مہم میں انفرادی رابطوں کے علاوہ بیٹھک میٹنگز کا بھی انعقاد کیا گیا۔

## ہیڈ آفس آمد

دیہی پاکستان میں تعلیمی پس ماندگی کے خاتمے کے ضمن میں ٹرسٹ کی تعلیمی پیش رفت نے اندرون و بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے حساس اور درد دل رکھنے والے احباب کو متوجہ کیا ہے۔ شعبہ انفارمیشن کے ذرائع کے مطابق گذشتہ تین ماہ کے دوران احباب اور وفود ہیڈ آفس آئے۔ انہوں نے ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں اور دیگر شعبہ جات کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور اپنے مفید تجربات اور بہترین تعاون سے آگاہ کیا۔ ان احباب اور وفود کو سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے خوش آمدید کہا۔

## اندرونِ ملک سے آنے والے احباب اور وفود

- ☆ سید منور حسن
- ☆ عطاء الحق قاسمی
- ☆ منو بھائی
- ☆ اقبال شیخ (میکڈونلڈ کے ڈائریکٹر فنانس)
- ☆ نعیم رفیع (سٹاک اکسچینج کراچی)



- ☆ رحیم بخش احمدانی (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ڈیرہ غازیخان)
- ☆ انجم حفیظ (ممتاز صنعتکار)
- ☆ احمد حماد رشید

## بیرونِ ملک سے آنے والے احباب

☆ اے ڈی بٹ (ڈنمارک) ہیڈ آفس، آفاق ٹریننگ اکیڈمی اور غزالی سکول سسٹم ھئیر اور کرباٹھ کا دورہ کیا۔



- ☆ غلام رسول فلاحی (نیپال)
- ☆ مسز براؤن (برطانیہ) سٹیٹ گسٹ تھیں۔
- ☆ شمس الزمان (امریکہ)
- ☆ طارق رحمان شلیے (امریکہ)
- ☆ شہریار علی خان (سعودی عرب)۔ آفاق ٹریننگ اکیڈمی میں لیکچر دیا۔
- ☆ عبداللہ دانش (امریکہ)
- ☆ ثقلین ملک (امریکہ)
- ☆ عبدالعزیز نیازی (سعودی عرب)
- ☆ وقاص وحید (ناروے)
- ☆ محمد اظہر علی (ناروے) غزالی سکول سسٹم 93 گ ب کا دورہ کیا۔ اور سکول کی تعارفی دستاویزی فلم کے لئے انٹرویو ریکارڈ کرایا۔

## لائنز کلب سے رابطہ

بیروزگاری، غربت کے خاتمہ، فروغ تعلیم اور دیگر مفید معاشرتی سرگرمیوں میں مصروف انٹرنیشنل کنٹری سائیڈ لائنز کلب لاہور کی جنرل کونسل کے اجلاس میں اسلم جاوید نے شرکت کی۔ پاکستان کے دور دراز اور پسماندہ دیہات میں ٹرسٹ کے تعلیمی نیٹ ورک کا تعارف کرایا۔ اور مختلف شعبہ جات کے بارے میں بریفنگ دی۔ جنرل کونسل کے اراکین نے ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

☆ لائنز کلب لاہور کے صدر سید مشتاق علی اور سیکرٹری میاں بابر حمید نے ہیڈ آفس کا دورہ کیا۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے معزز مہمانوں کا خیر مقدم کیا۔ اور دستاویزی فلم کی مدد سے ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں، مرحلہ وار پیش رفت، اور مستقبل کے اھداف کے بارے میں آگاہ کیا۔ معزز مہمانوں نے لائنز کلب کے تحت فروغِ تعلیم کی کوششوں کا تعارف کراتے ہوئے تجربات کے مفید تبادلہ اور مستقبل کے امکانات پر روشنی ڈالی۔





## PREP

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کونسل نے پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام (PREP) کے وسیع نیٹ ورک کی موثر نگرانی اور پروموشن کے لئے نئے انتظامی ڈھانچے کی منظوری دی ہے۔

چیف ایگزیکٹو -- سید وقاص انجم جعفری
ایگزیکٹو ڈائیریکٹر -- عامر محمود چیمہ
ڈائیریکٹر -- افتخار احمد شیخ

ایگزیکٹو کونسل نے پنجاب کے درج ذیل چار ریجن کی بھی منظوری دی۔

| ریجن | ریجنل ڈائریکٹر | اضلاع |
| --- | --- | --- |
| لاہور | شہید الحق ظفر | لاہور، شیخوپورہ، نارووال، میانوالی، بھکر، سرگودھا، خوشاب، گوجرانوالہ |
| راولپنڈی | محمد عارف خان | اٹک، جہلم، چکوال، منڈی بہاؤالدین، گجرات راولپنڈی |
| ملتان | غنا محمد گجر | ملتان، ڈیرہ غازیخان، بہاولپور، وھاڑی، مظفرگڑھ، رحیم یارخان |
| فیصل آباد | مرکز کے تحت | فیصل آباد شمالی، فیصل آباد جنوبی، فیصل آباد وسطی، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ |



## نئے تعلیمی سال 2003ء، 2004ء کے لئے نئے سکولز کا قیام

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کونسل نے نئے تعلیمی سال کے لئے 65 نئے سکولز قائم کرنے کی منظوری دی ہے۔

ترتیب اسطرح ہے

| | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| فیصل آباد وسطی | = 2 | نارووال | = 2 |
| چکوال | = 3 | خوشاب | = 3 |
| میانوالی/ بھکر | = 2 | مظفرگڑھ | = 4 |
| سرگودھا | = 3 | رحیم یارخان | = [illegible] |
| لاہور/ شیخوپورہ | = 3 | ملتان | = 3 |
| راولپنڈی/ جہلم | = 8 | بہاولپور | = 2 |
| گجرات | = 9 | منڈی بہاؤالدین | = 8 |

## نئی تقرریاں

ٹرسٹ کی ایگزیکٹو کونسل نے درج ذیل نئی تقرریوں کی منظوری دی۔

| | |
| --- | --- |
| راشد فاروق | ایڈمن آفیسر ہیڈ آفس |
| شہزاد ضمیر | ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز لاہور/ شیخوپورہ |
| ریاض انور | اسسٹنٹ اکاؤنٹینٹ |
| طارق جاوید بھٹی | ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز وہاڑی |
| حافظ عتبان اللہ | ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز بہاولپور |
| خالد چہل | ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز گوجرانوالہ |
| جاوید اقبال اخوان | اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز ڈیرہ غازیخان |
| ظہور احمد | اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز رحیم یارخان |
| محمد ناظم | کوآرڈینیٹر ڈسٹرکٹ مینیجر سکولز میانوالی/ بھکر |

## آفاق ٹریننگ اکیڈمی۔ لاہور

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیر اہتمام آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی نے معلمین ومعلمات کی نظریاتی وپیشہ ورانہ تربیت کے جامع، ہمہ گیر اور جدید ترین اسلوب پر مبنی پروگرام ترتیب دیا ہے۔ اکیڈمی نے اپنے قیام سے لے کر اب تک 1 سال کے مختصر عرصے میں اساتذہ کی علمی، عملی اور فنی رہنمائی کے ضمن میں اہم اہداف کو حاصل کیا ہے۔ اس عرصے میں مجموعی کارکردگی کچھ یوں رہی۔

### جائزہ کارکردگی (جون 2001ء تا دسمبر 2002ء)


| | | |
|---|---|---|
| کل ورکشاپس منعقدہ | = | 104 |
| دیئے گئے لیکچرز | = | 545 |
| ادارے جن کی ورکشاپ منعقد ہوئی | = | 451 |
| کل تعداد شرکاء | = | 3,024 |

☆ اکیڈمی نے اب تک جن تعلیمی تنظیمات اور اداروں کو تربیتی خدمات پیش کی ہیں انکی تفصیل کچھ یوں ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام | = | 222 سکولز |
| اسلامی نظامت تعلیم سے منسلک ادارے | = | 46 سکولز |
| اوورسیز پاکستانیز ایجوکیشن نیٹ ورک | = | 40 سکولز |

### (O-P-E-N)


| | | |
|---|---|---|
| ☆ علامہ اقبال فاؤنڈیشن سیالکوٹ | = | 16 سکولز |
| ☆ دار ارقم سکولز (پنجاب) | = | 12 سکولز |
| ☆ حرا سکولز (مری) | = | 08 سکولز |
| ☆ حرا سکولز (سوات) | = | 06 سکولز |
| ☆ الخدمت فاؤنڈیشن (لاہور) | = | 04 سکولز |
| ☆ غزالی کالجز برائے خواتین | = | 03 سکولز |



اسکے علاوہ 94 دیگر پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ تنظیم اساتذہ (حلقہ خواتین) جماعت اسلامی لاہور، اسلامی جمعیت طلبہ اور پولیس ٹریننگ سکول چوہنگ لاہور کے لئے بھی ٹریننگ ورکشاپس کا اہتمام کیا گیا۔

## پولیس ٹریننگ انسٹرکٹرز کے لئے ورکشاپ

پولیس ٹریننگ سکول چوہنگ سنٹر ضلع لاہور میں تعینات ٹریننگ انسٹرکٹرز کے لئے ایک Skill Development Workshop کا اہتمام کیا گیا۔ جس سے پروفیسر مشتاق احمد مانگٹ، پروفیسر طارق چودھری، ڈپٹی ڈائریکٹر FIA پرویز اکبر بھٹی، SSP پولیس میجر (ر) مبشر، ڈاکٹر عبدالمجید اولکھ، ڈاکٹر شفیق اور وقاص انجم جعفری نے مختلف موضوعات پر لیکچرز دیئے۔ اس ورکشاپ میں 40 انسپکٹر شریک تھے۔




## ملاقاتیں

انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ کے ذرائع کے مطابق معاشرہ کی موثر اور مختلف شخصیات سے ٹرسٹ کے شعبہ جات کی کارکردگی، اور نمایاں پیش رفت پر تفصیلی ملاقاتیں کی گئیں۔

☆ یاور عرفان خان۔ صدر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری لاہور۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ سید وقاص انجم جعفری اور ڈائریکٹر انفارمیشن اینڈ پروموشن مشتاق احمد مانگٹ نے یاور عرفان خان صدر چیمبر آف کامرس لاہور سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ مفید آرا اور تجاویز کا تبادلہ خیال ہوا۔

☆ ارشاد احمد حقانی: انفارمیشن آفیسر اسلم جاوید نے ارشاد احمد حقانی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں سے آگاہ کرتے ہوئے انہیں غزالی فورم سے خطاب کی دعوت دی۔

انہیں ٹرسٹ کی تعلیمی خدمات اور مختلف شعبہ جات کے بارے میں بریفنگ دی گئی اور انہیں ہیڈ آفس کے دورہ کی دعوت دی گئی۔ وفد میں اسلم جاوید اور فیصل ٹھاکر شامل ہیں۔

☆ صہیب مرغوب: روزنامہ جنگ کے میگزین ایڈیٹر صہیب مرغوب سے ملاقات کی گئی۔ وہی پاکستان میں شرح تعلیم کے اضافہ کے ضمن میں مفید آراء کا تبادلہ ہوا۔

## پری پوسٹنگ ٹیچرز ٹریننگ ورکشاپس

پریپ (PREP) کے نئے تعلیمی سیشن 2003ء کے لئے نو منتخب معلمین کی تین روزہ ورکشاپ 26 تا 28 فروری 2003ء منصورہ آڈیٹوریم میں ہوئی۔ مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے 160 معلمین نے ورکشاپ میں شرکت کی۔ ممتاز ماہرین تعلیم نے تدریسی و انتظامی موضوعات پر تفصیلی لیکچرز دیئے۔ حافظ تنویر احمد نے ''مقاصد تعلیم قرآن کی روشنی میں''، افتخار احمد شیخ نے ''غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ نمایاں خصوصیات''، ڈاکٹر مشتاق الرحمن صدیقی نے ''موثر تدریس چند اشارات''، سید منور حسن نے ''اُٹھ کہ بزم جہاں کا اور ہی انداز ہے''، پروفیسر طارق محمود چودھری نے ''بچوں کی تربیت اصول وطریق کار''، ڈاکٹر حسن صہیب مراد نے ''سکول کا نظریاتی ماحول اور عمل تعلیم''، حافظ محمد ادریس نے ''معلم غزالی توقعات، ذمہ داریاں''، سید وقاص انجم جعفری نے ''سکول کی ترقی میں معاشرتی معاونات''، پروفیسر مشتاق احمد مانگٹ نے ''تعلیمی قائد''، پروفیسر راؤ محمد جلیل نے ''معاونات تعلیم'' کے موضوع پر خطاب کیا۔ تقسیم اسناد کی تقریب کے مہمان خصوصی میاں مقصود احمد سینئر وائس چیئرمین ٹرسٹ تھے۔ انہوں نے معلمین کی ذمہ داریوں اور معاشرہ میں انکی نمایاں حیثیت پر روشنی ڈالی۔ ورکشاپ کے آخر میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پریپ عامر محمود چیمہ نے معلمین کو خصوصی ہدایات دیں۔

## عصرانہ

اکنا ریلیف کے ڈائریکٹر شمس الزمان کے اعزاز میں عصرانہ کا اہتمام کیا گیا۔ علم وادب سے وابستہ احباب کی ایک کثیر تعداد نے پروگرام میں شرکت کی۔ سیکرٹری جنرل ٹرسٹ نے مہمان خصوصی کا خیر مقدم کیا۔ اور ٹرسٹ کے ساتھ بھرپور تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ مہمان خصوصی نے امریکہ کے تعلیمی نظام کا تعارف کراتے ہوئے اسکے مفید اور کارآمد پہلوؤں اور ٹرسٹ کی تعلیمی سرگرمیوں میں نمایاں پیش رفت کے امکانات کا جائزہ پیش کیا۔

## عطیات

☆ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کو مختلف احباب نے گراں قدر عطیات سے نوازا۔

☆ لاہور کی ایک معروف تاجر شخصیت نے غزالی سکول سسٹم کرباٹھ کیلئے دو کنال زمین اور 4 کمروں کی تعمیرات کے لئے رقم عطیہ کی۔

☆ DBL کے جنرل منیجر اختر عبیداللہ نے غزالی سکول سسٹم کو دس کمپیوٹر کا عطیہ دیا۔

☆ وڑانچانوالہ ضلع منڈی بہاؤالدین کے معززین علاقہ نے پانچ کمروں پر مشتمل نئی عمارت ٹرسٹ کو عطیہ کی۔

☆ غزالی سکول سسٹم وڑانچانوالہ کے ٹرانسفارمر کیلئے چوہدری محمد خان نے ایک لاکھ دس ہزار روپے کا عطیہ دیا۔


☆ غزالی سکول سسٹم 289 گ ب کیلئے معززین علاقہ ڈاکٹر نذیر احمد نے 5 ہزار روپے عبدالحمید نے 5 ہزار روپے

اور صوفی عبدالرشید نے دو ہزار روپے عطیہ دیئے۔

☆ غزالی سکول سسٹم دھریمہ کو عامر محمود نے 20 ہزار روپے، اسداللہ گوندل نے ایک ہزار روپے اور نعیم احمد گوندل نے ایک ہزار روپے کی اعانت کی۔

## غزالی کالج برائے خواتین لاہور اعزاز

کوئین میری کالج لاہور میں منعقدہ کل پاکستان بین الکلیاتی تقریبات میں غزالی کالج برائے خواتین لاہور کی طالبات نے نمایاں پوزیشن حاصل کی۔ انگریزی مباحثہ میں حانیہ اسلم (سالِ دوم) نے دوسری، مقابلہ آرائش گل میں کاشفہ حبیب (سالِ دوم) نے پہلی جبکہ طرحی مشاعرہ میں سال سوئم کی طالبہ عروبہ عاصم نے حوصلہ افزائی کا انعام حاصل۔





## P&D کا قیام

پلان 2010 کے اہداف کو حاصل کرنے شعبہ تعمیرات کے معاملات کی موثر نگرانی، پریپ کے منصوبہ جات کی بروقت تکمیل، اور دیگر شعبوں میں بہترین ورکنگ ریلیشن شپ کیلئے P&D (شعبہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ) کا قیام عمل میں لایا گیا۔ عامر علی کاظمی شعبہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر مقرر ہوئے۔ عامر علی کاظمی اس سے قبل پریپ کے ضلعی منیجر اور ڈپٹی ڈائریکٹر کی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں۔

## نیا آغاز (گوجرانوالہ)

پریپ (PREP) نے اپنے نیٹ ورک میں اضافہ کرتے ہوئے نئے تعلیمی سال کے موقع پر ضلع گوجرانوالہ میں اپنے کام کا آغاز کر دیا ہے۔ ابتداء میں 6 سکولز قائم کیے گئے ہیں۔ خالد چھل کو ڈسٹرکٹ منیجر سکولز مقرر کیا گیا۔

## اعزاز

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وائس چیرمین اور پنجاب یونیورسٹی اسلامک سنٹر کے پروفیسر اشتیاق احمد گوندل کو پی ایچ ڈی کے مقالے کی تکمیل پر کامیابی کا نوٹیفیکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ آپ کے مقالے کا عنوان: پاکستان میں لبرل ازم کے اثرات تھا۔ ان کے مقالے کے لیے بیرون ملک مقیم سکالرز ڈاکٹر مزمل صدیقی (واشنگٹن، امریکہ) اور ڈاکٹر عبیداللہ فہد فلاحی (علی گڑھ، انڈیا) سے رائے لی گئی۔

## فری ڈسپنسری کا قیام

غزالی سکول سسٹم 317 گ ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں فری ڈسپنسری کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ ڈسپنسری کو ڈاکٹر فاروق نسیم بھٹی نے سپانسر کیا جبکہ اس کا افتتاح ممتاز آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر زاہد ستار نے کیا۔ اہل دیہہ نے خدمت انسانیت کے ضمن میں اس عملی قدم کا مقامی آبادی کی طرف سے بھرپور خیر مقدم کیا۔

## SAP کے ذرائع کے مطابق

شعبہ امداد طلبہ کے ذرائع کے مطابق غزالی سکول سسٹم میں زیر تعلیم 550 یتیم طلبہ کی ماہ جنوری تا مارچ 2003 فیسوں کی ادائیگی کے ضمن میں تمام سکولز ایک لاکھ چھیاسی ہزار روپے کے لگ بھگ کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔

## data base کی سہولت کی فراہمی

موثر ریکارڈ کے اہتمام اور بروقت ایکشن کیلئے ہیڈ آفس میں database کی سہولت فراہم کر دی گئی ہے۔

## یوم یکجہتی کشمیر

کشمیر کے مسلمانوں اور جدوجہد آزادی کے ساتھ یکجہتی کے اظہار کے لئے ضلع سرگودھا کے تمام سکولز میں یوم یکجہتی کشمیر روایتی جوش و خروش سے منایا گیا۔ جلوس، یکجہتی مارچ شہدائے کشمیر کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لئے ایک منٹ کی خاموشی، ترانوں، ملی نغموں کے علاوہ والدین، اساتذہ اور طلبہ نے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر کشمیری مسلمانوں سے یکجہتی کا اظہار کیا۔

## سپورٹس کے سامان کی فراہمی

ڈسٹرکٹ منیجر سرگودھا وقار احمد گوندل نے غزالی نیوز کو بتایا کہ ضلع بھر کے تمام سکولز میں کھیلوں جس میں کرکٹ، فٹ بال، بیڈمنٹن اور والی بال شامل ہے کا سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔ ساتھ ساتھ غزالی سکولز کے طلبہ کھیلوں اور دیگر صحت مندانہ سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لیں سکیں گے۔

## پکنک

غزالی سکول سسٹم ضلع 81 جنوبی ضلع سرگودھا کے طلبہ کے لئے ایک پکنک کا اہتمام کیا گیا۔ 81 جنوبی کے قریب سے گزرنے والی نہر پکنک پوائنٹ تھا۔ پرنسپل، اساتذہ، اور غزالیین صبح دس بجے نہر پر پہنچے۔ کبڈی، فٹ بال، اور کرکٹ کے مقابلے ہوئے۔ غزالیین نے نہر سے سیپیاں وغیرہ اکٹھی کیں۔ نہر کی سیر سے فارغ ہونے کے بعد طلبہ نے سردار خان آئی ہسپتال (ٹرسٹ) کا دورہ کیا۔ غزالیین نے میڈیکل آفیسر سے آنکھوں کی بیماریوں، حفاظت اور آپریشن کے حوالے سے مختلف سوالات کئے بعد ازاں مریضوں کی تیمارداری بھی کی۔



## تقریب تقسیم انعامات

غزالی سکول سسٹم جبال ضلع نارووال میں نوماہی امتحان کے نتائج میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ کے لئے تقسیم انعامات کی تقریب ہوئی۔ ڈسٹرکٹ منیجر نارووال زاہد چوہدری مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں والدین، و دیگر معززین علاقہ کی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔ غزالیین نے تلاوت، حمد، نعت، ملی نغمے اور تقاریر پیش کیں۔ مہمان خصوصی نے ٹرسٹ کے فروغ تعلیم کے پروگرام پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ شرکاء نے مکمل تعاون کا عہد کیا۔

## ماہانہ تربیتی و معلوماتی لیکچر

ہیڈ آفس اور دیگر اداروں میں کام کرنے والے احباب کیلئے برصغیر میں احیائے اسلام کی تاریخ: کے موضوع پر ماہانہ تربیتی و علمی لیکچر ہوا۔ مقرر پروفیسر اشتیاق احمد گوندل تھے۔

زیر اهتمام
انفارمیشن اینڈ پروموشن ڈیپارٹمنٹ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ 66۔ ایف ماڈل ٹاؤن، لاہور
فون: 5882939 فیکس: 7551078 ای میل: getpak@hotmail.com